اَمَرَ	امر، آمر، مامور، امارت۔	سِرًّا	اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔
يُّوْصَلَ	وصل، وصول، موصول، وصال۔	عَلَانِيَةً	علی الاعلان، علانیہ طور پر۔
يَخْشَوْنَ	خشیت الٰہی۔	بِالْحَسَنَةِ	احسان، محسن، حسنات، قرض حسنہ۔
سُوْٓءَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوء ظن۔	السَّيِّئَةَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
وَجْهِ	وجہ، متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔	عُقْبَى	عالم عقبیٰ، عاقبت۔
اَقَامُوا	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔	الدَّارِ	دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔
الصَّلٰوةَ	صوم و صلوٰۃ، مصلیٰ۔	يَدْخُلُوْنَهَا	داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
اَنْفَقُوْا	نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	اٰبَآئِهِمْ	آباء و اجداد، آبائی گاؤں۔

مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ ❶❷	وَ	يَخْشَوْنَ
جو (کہ)	حکم دیا اللہ نے	اس کا	یہ کہ	ملایا جائے (اسے)	اور	وہ سب ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ ❸	وَ	يَخَافُوْنَ	سُوْٓءَ ❹	الْحِسَابِ (21)	وَ	الَّذِيْنَ
اپنے رب سے	اور	وہ سب خوف رکھتے ہیں	برے	حساب کا	اور	وہ لوگ جن

صَبَرُوا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ رَبِّهِمْ ❸	وَ	اَقَامُوا
سب نے صبر کیا	چاہنے کے لیے	اپنے رب کی رضامندی	اور	انہوں نے قائم کی

الصَّلٰوةَ ❺	وَ	اَنْفَقُوْا	مِمَّا ❻	رَزَقْنٰهُمْ ❸	سِرًّا
نماز	اور	انہوں نے خرچ کیا	(اس) سے جو	ہم نے رزق دیا انہیں	پوشیدہ

وَّ	عَلَانِيَةً ❺	وَّ	يَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ ❺	السَّيِّئَةَ ❺
اور	ظاہری طور پر	اور	وہ سب دور کرتے ہیں	نیکی کے ساتھ	برائی کو

اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عُقْبَى	الدَّارِ (22)	جَنّٰتُ ❼	عَدْنٍ
وہی لوگ ہیں (کہو)	ان کے لیے	(اچھا) انجام ہے	(آخرت کے) گھر کا	باغات ہیں	ہمیشگی کے

يَدْخُلُوْنَهَا	وَ	مَنْ	صَلَحَ	مِنْ اٰبَآئِهِمْ
وہ سب داخل ہوں گے ان میں	اور	جو	نیک ہوئے	ان کے باپ دادوں سے

ضروری وضاحت

❶ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❺ ة مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❼ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّيّٰتِهِمۡ	اور انکی بیویوں اور انکی اولاد سے (وہ بھی جنتوں میں داخل ہونگے)
وَالۡمَلٰٓئِكَةُ يَدۡخُلُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ	اور فرشتے داخل ہوں گے ان پر
مِّنۡ كُلِّ بَابٍ ﴿23﴾	(جنت کے) ہر دروازے سے۔ ﴿23﴾
سَلٰمٌ عَلَيۡكُمۡ بِمَا صَبَرۡتُمۡ	(اور کہیں گے) سلام ہو تم پر اس وجہ سے کہ تم نے صبر کیا
فَنِعۡمَ عُقۡبَى الدَّارِ ﴿24﴾	تو کیا ہی اچھا ہے (آخرت کے) گھر کا انجام۔ ﴿24﴾
وَالَّذِيۡنَ يَنۡقُضُوۡنَ عَهۡدَ اللّٰهِ	اور وہ لوگ جو توڑ دیتے ہیں اللہ کے عہد کو
مِنۡۢ بَعۡدِ مِيۡثَاقِهٖ وَيَقۡطَعُوۡنَ	اس کی مضبوطی کے بعد اور قطع کرتے ہیں
مَاۤ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ	(اسے) جو (کہ) حکم دیا اللہ نے اس کا
اَنۡ يُّوۡصَلَ وَيُفۡسِدُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ ۙ	کہ ملایا جائے (اسے) اور وہ فساد کرتے ہیں زمین میں
اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعۡنَةُ	یہی لوگ ہیں (کہ) ان کے لیے لعنت ہے
وَلَهُمۡ سُوۡٓءُ الدَّارِ ﴿25﴾	اور ان کے لیے (آخرت کا) برا گھر ہے۔ ﴿25﴾
اَللّٰهُ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ	اللہ کشادہ کرتا ہے رزق کو جسکے لیے وہ چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَزۡوَاجِهِمۡ : زوجہ، زوجین، ازواج مطہرات۔
ذُرِّيّٰتِهِمۡ : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
الۡمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ۔
يَدۡخُلُوۡنَ : دخل، داخل، دخول، وزیر داخلہ۔
صَبَرۡتُمۡ : صبر، صابر۔
فَنِعۡمَ : نعم المولیٰ نعم النصیر، نعمت، منعم۔
عُقۡبَى : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
الدَّارِ : دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔

يَنۡقُضُوۡنَ : نقیض، نقض عہد، نقض امن۔
مِيۡثَاقِهٖ : میثاق مدینہ، امید واثق، وثوق۔
يَقۡطَعُوۡنَ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
يُّوۡصَلَ : وصل، وصول، موصول، وصال۔
يُفۡسِدُوۡنَ : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
سُوۡٓءُ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوء ظن۔
يَبۡسُطُ : اپنی بساط کے مطابق۔
يَّشَآءُ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔

وَ	اَزْوَاجِهِمْ ❶	وَ	ذُرِّيّٰتِهِمْ ❶	وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ ❷	يَدْخُلُوْنَ
اور	ان کی بیویوں	اور	ان کی اولاد (سے)	اور	فرشتے	وہ سب داخل ہوں گے

عَلَيْهِمْ	مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿23﴾	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	بِمَا ❸
ان پر	(جنت کے) ہر دروازے سے	(اور کہیں گے) سلام ہو	تم پر	اس وجہ سے کہ

صَبَرْتُمْ	فَنِعْمَ	عُقْبَى الدَّارِ ﴿24﴾	وَ	الَّذِيْنَ
تم نے صبر کیا	تو (کیا ہی) اچھا ہے	(آخرت کے) گھر کا انجام	اور	وہ لوگ جو

يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ❹	وَ	يَقْطَعُوْنَ
وہ سب توڑ دیتے ہیں	اللہ کے عہد کو	اس کی مضبوطی کے بعد	اور	وہ سب قطع کرتے ہیں

مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ ❺	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَ	يُفْسِدُوْنَ
(اسے) جو	(کہ) حکم دیا اللہ نے	اس کا	کہ	وہ ملایا جائے (اسے)	اور	وہ سب فساد کرتے ہیں

فِي الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	اللَّعْنَةُ ❻	وَ	لَهُمْ
زمین میں	یہی لوگ ہیں (کہ)	ان کے لیے	لعنت ہے	اور	ان کے لیے

سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿25﴾	اَللّٰهُ	يَبْسُطُ ❼	الرِّزْقَ	لِمَنْ ❽	يَّشَآءُ
(آخرت کا) برا گھر ہے	اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق کو	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے

ضروری وضاحت

❶ هُمْ کبھی پڑھنے میں آسانی کے لیے هِمْ بھی ہو جاتا ہے۔ ❷ یہاں ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❸ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ اور کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس بھی کیا جاتا ہے۔

وَ يَقْدِرُ ؕ	اور تنگ کر دیتا ہے (جسکے لیے چاہتا ہے)
وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ	اور (کافر) اتراتے ہیں دنیوی زندگی پر
وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اور نہیں ہے دنیوی زندگی
ع 3/8/9 فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿26﴾	آخرت (کے مقابلے میں) مگر معمولی فائدہ۔ ﴿26﴾
وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ	کیوں نہیں اُتاری گئی اُس پر کوئی نشانی
مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ	اسکے رب کی طرف سے، کہہ دیجیے بیشک اللہ
يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْۤ	گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور راہ دکھاتا ہے
اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿27﴾ ۖ اَلَّذِيْنَ	اپنی طرف اسے جو رجوع کرے۔ ﴿27﴾ وہ لوگ جو
اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ	ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں ان کے دل
بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ	اللہ کے ذکر سے سن لو! اللہ کے ذکر سے ہی
تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿28﴾ ؕ	دل اطمینان پاتے ہیں۔ ﴿28﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِالْحَيٰوةِ	: حیات، احیائے سنت، حیاتِ جاوداں۔	يُضِلُّ	: ضلالت و گمراہی۔
الدُّنْيَا	: دنیا، دنیاداری، دنیاوی علوم۔	يَّشَآءُ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
مَتَاعٌ	: متاعِ کارواں، مال و متاع۔	يَهْدِيْۤ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، مہدی۔
يَقُوْلُ قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	اِلَيْهِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار۔	اٰمَنُوْا	: ایمان، مؤمن، امن۔
اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	تَطْمَئِنُّ	: مطمئن، اطمینان قلب، طمانیت۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قُلُوْبُهُمْ	: امراضِ قلب، قلوب و اذہان، قلبی تعلق۔
مِّنْ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	بِذِكْرِ	: ذکر، اذکار، تذکرہ۔

وَ	يَقْدِرُ	وَ	فَرِحُوْا ❶	بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❷	وَمَا ❸
اور	وہ تنگ کردیتا ہے	اور	(کافر) اِتراتے ہیں	دنیوی زندگی پر	اور نہیں ہے

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ❷	فِي الْاٰخِرَةِ ❷	اِلَّا	مَتَاعٌ ﴿26﴾
دنیوی زندگی	آخرت کے مقابلے میں	مگر	معمولی فائدہ

3 ع 8 9

وَ	يَقُوْلُ ❹	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ ❺	عَلَيْهِ
اور	کہتے ہیں	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	کیوں نہیں	اُتاری گئی	اُس پر

اٰيَةٌ ❷❻	مِّنْ رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُضِلُّ ❹
کوئی نشانی	اسکے رب کی طرف سے	کہہ دیجیے	بیشک	اللہ	گمراہ کرتا ہے

مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ	اَنَابَ ﴿27﴾
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ راہ دکھاتا ہے	اپنی طرف	(اسے) جو	رجوع کرے

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	تَطْمَئِنُّ ❼	قُلُوْبُهُمْ	بِذِكْرِ اللّٰهِ
وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور	اطمینان پاتے ہیں	ان کے دل	اللہ کے ذکر سے

اَلَا	بِذِكْرِ اللّٰهِ	تَطْمَئِنُّ ❼	الْقُلُوْبُ ﴿28﴾
سن لو!	اللہ کے ذکر سے (ہی)	اطمینان پاتے ہیں	دل

ضروری وضاحت

❶ یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ مَا کے بعد اسی جملے اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ تـ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں، کیونکہ اسکے بعد اَلْقُلُوْبُ انسان کے علاوہ کی جمع ہے، جسکے ساتھ فعل واحد مؤنث آتا ہے۔

اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے
طُوۡبٰى لَهُمۡ وَحُسۡنُ مَاٰبٍ ﴿29﴾	خوشحالی ہے ان کے لیے اور اچھا ٹھکانا ہے۔ ﴿29﴾
كَذٰلِكَ اَرۡسَلۡنٰكَ فِىۡۤ اُمَّةٍ	اسی طرح ہم نے بھیجا آپ کو (ایسی) امت میں
قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهَاۤ اُمَمٌ	(کہ) یقیناً گزر چکیں اس سے پہلے کئی امتیں
لِّتَتۡلُوَا۟ عَلَيۡهِمُ	تاکہ آپ پڑھ کر سنائیں ان پر
الَّذِىۡۤ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ	(اسے) جو ہم نے وحی کی آپ کی طرف
وَهُمۡ يَكۡفُرُوۡنَ بِالرَّحۡمٰنِ‌ؕ	اس حال میں کہ وہ کفر کر رہے ہیں بے حد مہربان سے
قُلۡ هُوَ رَبِّىۡ لَاۤ اِلٰهَ	کہہ دیجیے وہی میرا رب ہے نہیں کوئی (سچا) معبود
اِلَّا هُوَ‌ۚ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ	مگر وہی، اسی پر میں نے بھروسا کیا
وَاِلَيۡهِ مَتَابِ ﴿30﴾ وَلَوۡ اَنَّ	اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ ﴿30﴾ اور اگر واقعی
قُرۡاٰنًا سُيِّرَتۡ بِهِ	کوئی قرآن ایسا ہوتا (کہ) چلائے جاتے اسکے ذریعے
الۡجِبَالُ اَوۡ قُطِّعَتۡ بِهِ الۡاَرۡضُ	پہاڑ یا قطع کی جاتی اسکے ذریعے زمین

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَمِلُوۡا : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	اَوۡحَيۡنَاۤ : وحی، وحی متلوّ۔
الصّٰلِحٰتِ : اصلاح، اعمال صالحہ۔	اِلٰهَ : الٰہ العالمین، الوہیت۔
حُسۡنُ : حسن، محسن، تحسین۔	تَوَكَّلۡتُ : توکل، متوکل علی اللہ۔
كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم۔	مَتَابِ : توبہ، تائب۔
اَرۡسَلۡنٰكَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت، ارسال۔	سُيِّرَتۡ : سیر، سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔
قَبۡلِهَاۤ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	الۡجِبَالُ : جبل اُحد، جبل رحمت، جبل طارق۔
اُمَمٌ : امت، امم سابقہ، امتِ محمدیہ۔	قُطِّعَتۡ : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
لِّتَتۡلُوَا۟ : تلاوت، وحی متلو، وحی غیر متلوّ۔	الۡاَرۡضُ : ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❶	طُوْبٰى ❶
وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور	ان سب نے اعمال کیے	نیک	خوشحالی ہے

لَهُمْ	وَحُسْنُ	مَاٰبٍ (29)	كَذٰلِكَ	اَرْسَلْنٰكَ
ان کے لیے	اور اچھا	ٹھکانا ہے	اسی طرح	ہم نے بھیجا آپ کو

فِيْٓ اُمَّةٍ ❶	قَدْ	خَلَتْ ❶	مِنْ قَبْلِهَآ	اُمَمٌ	لِّتَتْلُوَا۠ ❷
(ایسی) امت میں	(کہ) یقیناً	گزر چکیں	اس سے پہلے	کئی امتیں	تاکہ آپ پڑھ کر سنائیں

عَلَيْهِمُ	الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	وَ	هُمْ يَكْفُرُوْنَ ❸
ان پر	(اسے) جو	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف	اس حال میں کہ	وہ سب کفر کر رہے ہیں

بِالرَّحْمٰنِ	قُلْ	هُوَ رَبِّيْ	لَآ اِلٰهَ ❹	اِلَّا	هُوَ
بے حد مہربان سے	کہہ دیجیے	وہی میرا رب ہے	نہیں کوئی (سچا) معبود	مگر	وہی

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ ❺	وَاِلَيْهِ	مَتَابِ ❻ (30)	وَلَوْ	اَنَّ قُرْاٰنًا ❼
اسی پر	میں نے بھروسا کیا	اور اسی کی طرف	میرا لوٹنا ہے	اور اگر	واقعی کوئی قرآن (ایسا ہوتا کہ)

سُيِّرَتْ ❶	بِهِ	الْجِبَالُ	اَوْ	قُطِّعَتْ ❶	بِهِ	الْاَرْضُ
چلائے جاتے	اسکے ذریعے	پہاڑ	یا	قطع کی جاتی	اسکے ذریعے	زمین

ضروری وضاحت

❶ ات، ـٰ ی، ة، ت مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ لِتَتْلُوَا کے آخر میں وا جمع کی علامت نہیں بلکہ و اصل لفظ کا حصہ ہے اور ا قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❸ هُمْ اور یہ دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❺ تَ اور شد میں فعل کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہ دراصل مَتَابِيْ تھا یہاں آخر سے یْ پڑھنے میں آسانی کے لیے گر گئی ہے اسی یْ کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَوۡ كُلِّمَ بِهِ الۡمَوۡتٰى ؕ	یا کلام کیا جاتا اسکے ذریعے مُردوں سے (تو پھر بھی یہ نہ مانتے)
بَلۡ لِّلّٰهِ الۡاَمۡرُ جَمِيۡعًا ؕ	بلکہ اللہ ہی کے لیے ہے معاملہ (اختیار) سارے کا سارا
اَفَلَمۡ يَايۡـَٔسِ الَّذِيۡنَ	تو کیا (ابھی تک) نہیں اطمینان ہوا ان لوگوں کو جو
اٰمَنُوۡۤا اَنۡ لَّوۡ يَشَآءُ اللّٰهُ	ایمان لائے یہ کہ اگر اللہ چاہتا
لَهَدَى النَّاسَ جَمِيۡعًا ؕ	(تو) ضرور ہدایت دیتا سب (لوگوں) کو
وَلَا يَزَالُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	اور ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
تُصِيۡبُهُمۡ بِمَا صَنَعُوۡا	(اس حال میں کہ) پہنچے گی اُنہیں اِس وجہ سے جو انہوں نے کیا
قَارِعَةٌ اَوۡ تَحُلُّ قَرِيۡبًا مِّنۡ دَارِهِمۡ	آفت یا اُترے گی ان کے گھر کے قریب
حَتّٰى يَاۡتِىَ وَعۡدُ اللّٰهِ ؕ	یہاں تک کہ آجائے اللہ کا وعدہ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ﴿31﴾ ع 4 5 10	بیشک اللہ نہیں خلاف کرتا (اپنے) وعدے کے۔ ﴿31﴾
وَلَقَدِ اسۡتُهۡزِئَ بِرُسُلٍ	اور بلاشبہ یقیناً مذاق اڑایا گیا کئی رسولوں کا
مِّنۡ قَبۡلِكَ فَاَمۡلَيۡتُ	آپ سے پہلے تو میں نے مہلت دی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كُلِّمَ : کلام، متکلم، انداز تکلم۔	يَزَالُ : زائل ہونا۔
الۡمَوۡتٰى : موت وحیات، سماع موتی، میت۔	تُصِيۡبُهُمۡ : مصیبت، مصائب۔
بَلۡ : بلکہ۔	صَنَعُوۡا : صنعت وتجارت، مصنوعات، تصنع۔
الۡاَمۡرُ : امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔	حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
يَايۡـَٔسِ : مایوس، یاس وناامیدی۔	وَعۡدُ، الۡمِيۡعَادَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود، میعاد۔
يَشَآءُ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔	يُخۡلِفُ : مخالف، اختلاف، مختلف۔
لَهَدَى : ہدایت، ہادی برحق۔	اسۡتُهۡزِئَ : استہزاء۔
النَّاسَ : عوام الناس، بعض الناس۔	قَبۡلِكَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

اَوْ	كُلِّمَ ❶	بِهِ	الْمَوْتٰى ط	بَلْ	لِلّٰهِ	الْاَمْرُ
یا	کلام کیا جاتا	اسکے ذریعے	مُردوں سے	بلکہ	اللہ ہی کے لیے ہے	معاملہ (اختیار)

جَمِيْعًا	اَفَلَمْ	يَايْئَسِ ❷	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنْ لَّوْ
سارے کا سارا	تو کیا (ابھی تک) نہیں	اطمینان ہوا	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	یہ کہ اگر

يَشَآءُ اللّٰهُ ❷	لَهَدَى	النَّاسَ	جَمِيْعًا	وَ	لَا يَزَالُ ❷❸
اللہ چاہتا	(تو) ضرور ہدایت دیتا	لوگوں کو	سب کے سب	اور	ہمیشہ رہیں گے

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	تُصِيْبُهُمْ ❹	بِمَا ❶	صَنَعُوْا
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	(اس حال میں کہ) پہنچے گی اُنہیں	اِس وجہ سے جو	انہوں نے کیا

قَارِعَةٌ ❺	اَوْ	تَحُلُّ ❹	قَرِيْبًا	مِّنْ دَارِهِمْ ❻	حَتّٰى	يَاْتِيَ ❷
سخت آفت	یا	وہ (آفت) اُترے گی	قریب	ان کے گھر کے	یہاں تک کہ	آجائے

ع 4 5 10

وَعْدُ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُخْلِفُ ❷	الْمِيْعَادَ (31)	وَ	لَقَدِ
اللہ کا وعدہ	بیشک	اللہ	نہیں خلاف کرتا	(اپنے) وعدے کے	اور	بلاشبہ یقیناً

اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	فَاَمْلَيْتُ ❼
مذاق اڑایا گیا	کئی رسولوں کا	آپ سے پہلے	تو میں نے مہلت دی

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❷ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ لَا اور يَزَالُ دونوں کو ملا کر ترجمہ ہمیشہ کیا جاتا ہے۔ ❹ تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ یہاں مِنْ کا ترجمہ ضرورتاً کے کیا گیا ہے۔ ❼ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا، پھر
اَخَذْتُهُمْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿32﴾	میں نے پکڑا انہیں، تو کیسا (سخت) تھا میرا عذاب ﴿32﴾
اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۢ	پھر کیا جو (ذات کہ) وہ نگران ہے ہر جان پر
بِمَا كَسَبَتْ ۚ	(اس) پر جو اس نے کمایا (کوئی اسکے برابر ابرا ہو سکتا ہے)
وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ	اور انہوں نے بنائے اللہ کے لیے شریک
قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ	کہہ دیجیے تم انکے نام تو لو کیا تم خبر دیتے ہو اسے
بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ	(یعنی اللہ کو اس چیز) کی جو وہ نہیں جانتا زمین میں
اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ	یا (اوپر اوپر) ظاہری بات سے (کہہ رہے ہو)
بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ	بلکہ مزین کر دیا گیا ان لوگوں کے لیے جنہوں نے
كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا	کفر کیا ان کا مکر اور وہ روک دیے گئے
عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	(سیدھے) راستے سے اور جسے گمراہ کر دے اللہ
فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿33﴾	تو نہیں ہے اس کو کوئی ہدایت دینے والا۔ ﴿33﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار۔	سَمُّوْهُمْ	اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔
اَخَذْتُهُمْ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	تُنَبِّئُوْنَهٗ	نبی، انبیاء۔
فَكَيْفَ	کیفیت، بہر کیف۔	بَلْ	بلکہ۔
عِقَابِ	عقوبت خانہ۔	زُيِّنَ	مزین، تزئین و آرائش۔
قَآئِمٌ	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔	مَكْرُهُمْ	مکر و فریب، مکاری۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	السَّبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
نَفْسٍ	نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔	يُّضْلِلِ	ضلالت و گمراہی۔
كَسَبَتْ	کسب حلال، کسبی۔	هَادٍ	ہدایت، ہادی برحق، مھدی۔

لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	ثُمَّ	اَخَذْتُهُمْ ❶	فَكَيْفَ
ان لوگوں کو جن	سب نے کفر کیا	پھر	میں نے پکڑا انہیں	تو کیسا

كَانَ	عِقَابِ ❷ (32)	اَفَمَنْ	هُوَ	قَآئِمٌ
(سخت) تھا	میرا عذاب	پھر کیا جو (ذات کہ)	وہ	نگران ہے

عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ	بِمَا	كَسَبَتْ	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ
ہر جان پر	(اس) پر جو	اس نے کمایا	اور	انہوں نے بنائے	اللہ کے لیے

شُرَكَآءَ	قُلْ	سَمُّوْهُمْ ❸	اَمْ	تُنَبِّئُوْنَهٗ	بِمَا
شریک	کہہ دیجیے	تم سب انکے نام لو	کیا	تم سب خبر دیتے ہو اسے	(اس چیز) کی جو

لَا يَعْلَمُ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	بِظَاهِرٍ ❹	مِّنَ الْقَوْلِ	بَلْ
نہیں وہ جانتا	زمین میں	یا	(اوپر اوپر) ظاہری	بات سے (کہہ رہے ہو)	بلکہ

زُيِّنَ ❺	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مَكْرُهُمْ	وَصُدُّوْا
مزین کر دیا گیا	ان لوگوں کے لیے جن	سب نے کفر کیا	ان کا مکر	اور وہ سب روک دیے گئے

عَنِ السَّبِيْلِ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ ❻	فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ ❼ (33)
(سیدھے) راستے سے	اور جسے	گمراہ کر دے اللہ	تو نہیں ہے	اس کو	کوئی ہدایت دینے والا

ضروری وضاحت

❶ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں آخر سے یْ وقف کی وجہ سے گر گئی ہے اسی یْ کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ❸ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اسکے آخر سے "ا" کو گرا دیتے ہیں۔ ❹ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❻ یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	ان کے لیے عذاب ہے دنیوی زندگی میں
وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ	اور یقیناً آخرت کا عذاب بہت سخت ہے
وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ	اور نہیں ہے ان کے لیے اللہ (کے عذاب) سے
مِنْ وَّاقٍ ﴿34﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ	کوئی بچانے والا۔ ﴿34﴾ مثال (صفت) اس جنت کی
الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ	جس کا وعدہ کیا گیا ہے متقیوں سے
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(یہ ہے کہ) بہتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں
اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا	اس کا پھل دائمی ہے اور اس کا سایہ (بھی)
تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا	یہ انجام ہے ان لوگوں کا جنھوں نے تقویٰ اختیار کیا
وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿35﴾	اور کافروں کا انجام آگ ہے۔ ﴿35﴾
وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	اور وہ لوگ جو (کہ) ہم نے دی انہیں کتاب
يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	وہ خوش ہوتے ہیں اس پر جو اتارا گیا آپ کی طرف
وَمِنَ الْاَحْزَابِ	اور (یہود و نصاریٰ کے) گروہوں میں سے (ایسے بھی ہیں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْحَيٰوةِ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
اَشَقُّ : مشقت۔
مِنْ : من جانب، من و عن، من حیث القوم۔
وُعِدَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
اَلْمُتَّقُوْنَ، اتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔
اُكُلُهَا : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔
دَآئِمٌ : قائم و دائم، دوام، مداومت۔
ظِلُّهَا : ظل سبحانی، ظل عرش، ظل ہما۔
عُقْبَى : عالم عقبیٰ، عاقبت نا اندیش۔
اَلنَّارُ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
يَفْرَحُوْنَ : فرحت، تفریح۔
اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اِلَيْكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَلْاَحْزَابِ : حزب اللہ، حزب اختلاف۔

لَهُمْ	عَذَابٌ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❶	وَ	لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ ❶
ان کے لیے	عذاب ہے	دنیوی زندگی میں	اور	یقیناً آخرت کا عذاب

اَشَقُّ ❷	وَمَا ❸	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ ❹ وَّاقٍ ❺ (34)
بہت سخت ہے	اور نہیں ہے	ان کے لیے	اللہ (کے عذاب) سے	کوئی بچانے والا

مَثَلُ	الْجَنَّةِ ❶	الَّتِيْ	وُعِدَ ❻	الْمُتَّقُوْنَ	تَجْرِيْ ❼
مثال (صفت)	(اس) جنت کی	جس کا	وعدہ کیا گیا ہے	پرہیزگاروں سے	(یہ ہے کہ) بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	اُكُلُهَا	دَآئِمٌ	وَّ	ظِلُّهَا
ان کے نیچے سے	نہریں	اس کا پھل	دائمی ہے	اور	اس کا سایہ (بھی)

تِلْكَ ❽	عُقْبَى	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	وَّ	عُقْبَى	الْكٰفِرِيْنَ
یہ	انجام ہے	ان لوگوں کا جن	سب نے تقویٰ اختیار کیا	اور	انجام	کافروں کا

النَّارُ (35)	وَ	الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَفْرَحُوْنَ
آگ ہے	اور	وہ لوگ جو (کہ)	ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ سب خوش ہوتے ہیں

بِمَآ	اُنْزِلَ ❻	اِلَيْكَ	وَ	مِنَ الْاَحْزَابِ
(اس) پر جو	اُتارا گیا	آپکی طرف	اور (یہود ونصاریٰ کے)	گروہوں میں سے

ضروری وضاحت

❶ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❼ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ	جو انکار کرتے ہیں اس کے بعض کا
قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ	کہہ دیجیے مجھے تو صرف یہ حکم دیا گیا ہے کہ
اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ	میں عبادت کروں اللہ کی اور نہ شریک ٹھہراؤں
بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا	اسکے ساتھ (کسی کو بھی) اسی کی طرف میں دعوت دیتا ہوں
وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿36﴾	اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ ﴿36﴾
وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ	اور اسی طرح ہم نے اتارا ہے اسے عربی فرمان بنا کر
وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ	اور واقعی اگر تو نے پیروی کی ان کی خواہشات کی
بَعْدَمَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ	اس کے بعد کہ آچکا تیرے پاس علم
مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ	نہیں ہوگا آپ کے لیے اللہ (کے عذاب) سے
مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿37﴾ ع 5 6 11	کوئی حمایتی اور نہ کوئی بچانے والا۔ ﴿37﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بھیجے کئی رسول
مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ	آپ سے پہلے اور ہم نے بنائیں ان کے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّنْكِرُ	منکر، منکرین حدیث، انکار۔
بَعْضَهٗ	بعض الناس، بعض اوقات۔
قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اُمِرْتُ	امر، آمر، مامور، امارت۔
اَعْبُدَ	عبادت، عابد، معبود۔
لَآ	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
اُشْرِكَ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
اِلَيْهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَدْعُوْا	دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
كَذٰلِكَ	کما حقہ، کالعدم۔
اَنْزَلْنٰهُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
حُكْمًا	حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
اتَّبَعْتَ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
وَلِيٍّ	ولی، اولیاء کرام، ولایت۔
اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
قَبْلِكَ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

مَنۡ	يُّنۡكِرُ ❶	بَعۡضَهٗ	قُلۡ	اِنَّمَآ ❷	اُمِرۡتُ	اَنۡ
(ایسے بھی ہیں) جو	انکار کرتے ہیں	اسکے بعض (احکام) کا	کہہ دیجیے	یقیناً صرف	حکم دیا گیا ہے مجھے	یہ کہ

اَعۡبُدَ اللّٰهَ	وَلَآ	اُشۡرِكَ	بِهٖ	اِلَيۡهِ	اَدۡعُوۡا ❸
میں عبادت کروں اللہ کی	اور نہ	میں شریک ٹھہراؤں	اسکے ساتھ	اسی کی طرف	میں دعوت دیتا ہوں

وَ	اِلَيۡهِ	مَاٰبِ ❹ (36)	وَ	كَذٰلِكَ	اَنۡزَلۡنٰهُ	حُكۡمًا عَرَبِيًّا
اور	اسی کی طرف	میرا لوٹنا ہے	اور	اسی طرح	ہم نے اُتارا ہے اسے	عربی فرمان بنا کر

وَ	لَئِنِ	اتَّبَعۡتَ	اَهۡوَآءَهُمۡ	بَعۡدَمَا ❺
اور	واقعی اگر	تو نے پیروی کی	ان کی خواہشات کی	اس کے بعد کہ

جَآءَكَ	مِنَ الۡعِلۡمِ ❻	مَا	لَكَ	مِنَ اللّٰهِ
آچکا تیرے پاس	علم	نہیں ہوگا	آپ کے لیے	اللہ (کے عذاب) سے

ع 5 6 11

مِنۡ ❻ وَّلِيٍّ ❼	وَّ	لَا وَاقٍ ❼ (37)	وَ	لَقَدۡ ❽	اَرۡسَلۡنَا
کوئی حمایتی	اور	نہ کوئی بچانے والا	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجے

رُسُلًا	مِّنۡ قَبۡلِكَ	وَ	جَعَلۡنَا	لَهُمۡ
کئی رسول	آپ سے پہلے	اور	ہم نے بنائیں	ان کے لیے

ضروری وضاحت

❶ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اَدۡعُوۡا کے آخر میں وْا
جمع کی علامت نہیں بلکہ وْ اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❹ یہاں آخر سے یْ وقف کی وجہ سے گر گئی
ہے اسی یْ کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ❺ لفظ بَعۡدِ کے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ❻ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❽ لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّيَّةً ؕ	بیویاں اور اولاد
وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ	اور نہیں ہے کسی رسول کے لیے (ممکن)
اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	کہ وہ لے آئے کوئی نشانی مگر اللہ کے حکم سے
لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿38﴾	ہر (چیز کے) مقرر وقت کو لکھا ہوا ہے۔ ﴿38﴾
يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚۖ	مٹا دیتا ہے اللہ جو چاہتا ہے اور قائم رکھتا ہے (جو چاہتا ہے)
وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿39﴾	اور اسی کے پاس ہے اصل کتاب (لوح محفوظ)۔ ﴿39﴾
وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ	اور اگر ہم واقعی دکھا دیں آپ کو
بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ	بعض (اس عذاب سے) جسکا ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے
اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ	یا واقعی ہم فوت کر دیں آپ کو تو بیشک آپ پر صرف
الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿40﴾	پہنچا دینا ہے اور ہم پر ہے حساب (لینا)۔ ﴿40﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا	اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا
اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ	کہ بیشک ہم چلے آتے ہیں (کفر کی) زمین کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَزْوَاجًا : زوجہ، زوجین، ازواج مطہرات۔	عِنْدَهٗ : عندالطلب، عنداللہ، عندیہ۔
ذُرِّيَّةً : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔	اُمُّ : ام القریٰ، ام الکتاب، امی جان۔
اِلَّا : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	نُرِيَنَّكَ يَرَوْا : رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی۔
بِاِذْنِ : اذن عام، باذن اللہ۔	نَعِدُهُمْ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
اَجَلٍ : اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	نَتَوَفَّيَنَّكَ : فوت، وفات، فوتگی، متوفی۔
يَمْحُوا : محو ہو جانا (مٹ جانا)۔	عَلَيْكَ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	الْبَلٰغُ : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔
يُثْبِتُ : ثابت، اثبات، مثبت، ثبوت۔	الْاَرْضَ : ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

اَزْوَاجًا ❶	وَّ	ذُرِّيَّةً ❷	وَ	مَا	كَانَ	لِرَسُوْلٍ ❸
بیویاں	اور	اولاد	اور	نہیں	ہے	کسی رسول کے لیے (ممکن)

اَنْ	يَّاْتِيَ	بِاٰيَةٍ ❷❸	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	لِكُلِّ اَجَلٍ ❹
کہ	وہ لے آئے	کسی نشانی کو	مگر	اللہ کے حکم سے	ہر (چیز کے) مقرر وقت کو

كِتَابٌ (38)	يَمْحُوا ❺❻	اللّٰهُ	مَا	يَشَآءُ	وَيُثْبِتُ
لکھا ہوا ہے	مٹا دیتا ہے	اللہ	جو	وہ چاہتا ہے	اور وہ قائم رکھتا ہے (جو چاہتا ہے)

وَ	عِنْدَهٗ	اُمُّ الْكِتٰبِ (39)	وَ	اِنْ مَّا ❼	نُرِيَنَّكَ
اور	اسی کے پاس ہے	اصل کتاب (لوح محفوظ)	اور	اگر	ہم واقعی دکھا دیں آپ کو

بَعْضَ	الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ
بعض (اس عذاب سے)	جس کا	ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے	یا	واقعی ہم فوت کر دیں آپ کو

فَاِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	وَ	عَلَيْنَا	الْحِسَابُ (40)
تو بیشک صرف	آپ پر	پہنچا دینا ہے	اور	ہم پر ہے	حساب (لینا)

اَ	وَ	لَمْ يَرَوْا ❽	اَنَّا نَاْتِي ❾	الْاَرْضَ
کیا	اور	نہیں ان سب نے دیکھا	کہ بیشک ہم چلے آتے ہیں	(کفر کی) زمین (کی طرف)

ضروری وضاحت

❶ زَوْجٌ کا لفظ میاں بیوی دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ❷ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لِ کا ترجمہ کبھی ضرورتاً کو بھی کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❻ يَمْحُوْا میں وْا جمع کی علامت نہیں بلکہ وْ اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ❼ یہاں مَا زائدہ ہے۔
❽ یہاں لَمْ کی موجودگی کی وجہ سے یَ کا ترجمہ اُن کیا گیا ہے۔ ❾ اَنَّا کے نَا اور نَاْتِيْ کے نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔

نَنۡقُصُهَا مِنۡ اَطۡرَافِهَا ؕ	ہم کم کر رہے ہیں اسے اسکے اطراف (کناروں) سے
وَاللّٰهُ يَحۡكُمُ لَا مُعَقِّبَ	اور اللہ حکم کرتا ہے نہیں ہے کوئی ٹالنے والا
لِحُكۡمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿41﴾	اس کے حکم کو، اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔ ﴿41﴾
وَقَدۡ مَكَرَ الَّذِيۡنَ	اور بلاشبہ تدبیریں کیں ان لوگوں نے جو
مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَلِلّٰهِ	ان سے پہلے تھے پس اللہ ہی کے لیے ہیں
الۡمَكۡرُ جَمِيۡعًا ؕ يَعۡلَمُ مَا	(اصل) تدبیریں سب کی سب، وہ جانتا ہے جو کچھ
تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ ؕ وَسَيَعۡلَمُ الۡكُفّٰرُ	کماتا ہے ہر نفس، اور عنقریب جان لیں گے کافر
لِمَنۡ عُقۡبَى الدَّارِ ﴿42﴾	کس کے لیے ہے (اچھا) انجام (آخرت کے) گھر کا۔ ﴿42﴾
وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	اور کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
لَسۡتَ مُرۡسَلًا ؕ قُلۡ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًاۢ	نہیں ہیں آپ رسول، کہہ دیجیے کافی اللہ بطور گواہ
بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكُمۡ ۙ	میرے درمیان اور تمہارے درمیان
وَمَنۡ عِنۡدَهٗ عِلۡمُ الۡكِتٰبِ ﴿43﴾ ع 6 6 12	اور (وہ بھی) جس کے پاس کتاب کا علم ہے۔ ﴿43﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَنۡقُصُهَا : نقص، تنقیص، نقائص۔	الۡكُفّٰرُ : کفر، کافر، کفار۔
اَطۡرَافِهَا : طرف، اطراف۔	عُقۡبَى : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
مُعَقِّبَ : عقبی دروازہ، عقب، تعاقب۔	الدَّارِ : دارفانی، دارالکتب، دیارغیر۔
سَرِيۡعُ : سرعت، سریع الحرکت، سریع الحساب۔	مُرۡسَلًا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مَكَرَ : مکروفریب، مکار۔	كَفٰى : کافی، ناکافی، کفایت۔
تَكۡسِبُ : کسب حلال، کسبی۔	شَهِيۡدًا : شہید، شہادت، مشہود۔
نَفۡسٍ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔	بَيۡنِىۡ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
سَيَعۡلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	عِنۡدَهٗ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

نَنۡقُصُهَا	مِنۡ اَطۡرَافِهَا	وَاللّٰهُ	يَحۡكُمُ (1)	لَا مُعَقِّبَ (2)(3)
ہم کم کر رہے ہیں اسے	اسکے کناروں سے	اور اللہ	حکم کرتا ہے	نہیں کوئی ٹالنے والا

لِحُكۡمِهٖ	وَهُوَ	سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ (4) ۝41	وَقَدۡ	مَكَرَ
اس کے حکم کو	اور وہ	بہت جلد حساب لینے والا ہے	اور بلاشبہ	تدبیریں کیں

الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ	فَلِلّٰهِ	الۡمَكۡرُ	جَمِيۡعًا
ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے (تھے)	پس اللہ ہی کے لیے ہیں	(اصل) تدبیریں	سب کی سب

يَعۡلَمُ	مَا	تَكۡسِبُ (5)	كُلُّ نَفۡسٍ	وَسَيَعۡلَمُ (1)	الۡكُفّٰرُ (6)
وہ جانتا ہے	جو	کماتی ہے	ہر جان	اور عنقریب جان لیں گے	کافر

لِمَنۡ	عُقۡبَى	الدَّارِ ۝42	وَيَقُوۡلُ (1)	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا
کس کے لیے ہے	(اچھا) انجام	(آخرت کے) گھر کا	اور کہتے ہیں	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

لَسۡتَ	مُرۡسَلًا	قُلۡ	كَفٰى	بِاللّٰهِ (7)	شَهِيۡدًا	بَيۡنِيۡ
نہیں ہیں آپ	رسول	کہہ دیجیے	کافی ہے	اللہ	بطور گواہ	میرے درمیان

ع 6 6 12

وَ	بَيۡنَكُمۡ	وَ	مَنۡ عِنۡدَهٗ (8)	عِلۡمُ الۡكِتٰبِ ۝43 ع
اور	تمہارے درمیان	اور (وہ بھی)	جس کے پاس	کتاب کا علم ہے

ضروری وضاحت

(1) یہاں يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (2) لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ (3) مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (4) فَعِيۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ (5) تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (6) فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ (7) یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (8) یہاں مَنۡ اور هٗ دونوں کا ملا کر ترجمہ جسکے کیا گیا ہے۔

اٰیَاتُھَا 52 — 14 سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ 72 — رُكُوْعَاتُھَا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۫ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ	الٓرٰ (یہ) ایک کتاب ہے ہم نے نازل کیا ہے اسے
اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ	آپ کی طرف تاکہ آپ نکالیں لوگوں کو
مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۬ۙ	(کفر کے) اندھیروں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف
بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ	انکے رب کے حکم سے (اس کے) راستے کی طرف
الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿1﴾	(جو) نہایت غالب بہت تعریف والا ہے۔ ﴿1﴾
اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ	(اس) اللہ (کی طرف) جس کے لیے ہے
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے
وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ	اور ہلاکت ہے کافروں کے لیے
مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿2﴾	سخت عذاب سے۔ ﴿2﴾
الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ	وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كِتٰبٌ : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
اَنْزَلْنٰهُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اِلَيْكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
لِتُخْرِجَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
النَّاسَ : عوام الناس، بعض الناس۔
الظُّلُمٰتِ : ظلمت، بحر ظلمات، ظلمت شب۔
بِاِذْنِ : اذن عام، باذن اللہ۔
صِرَاطِ : صراط مستقیم، پل صراط۔

الْحَمِيْدِ : حمد وثنا، حامد، محمود، حماد، حمید۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
السَّمٰوٰتِ : کتب ساویہ، ارض وسما۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
لِّلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
شَدِيْدٍ : شدید، شدّت، مشدّد، تشدّد۔
يَسْتَحِبُّوْنَ : حب، حبیب، محب، محبت۔

اٰيَاتُهَا 52 — 14 سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ 72 — رُكُوْعَاتُهَا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ	كِتٰبٌ 1	اَنْزَلْنٰهُ 2 3 4	اِلَيْكَ	لِتُخْرِجَ 5
الٓرٰ	(یہ) ایک کتاب ہے	ہم نے نازل کیا ہے اسے	آپ کی طرف	تاکہ آپ نکالیں

النَّاسَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ 6	اِلَى النُّوْرِ	بِاِذْنِ
لوگوں کو	(کفر کے) اندھیروں سے	(ایمان کی) روشنی کی طرف	حکم سے

رَبِّهِمْ	اِلٰى صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ ۝1
ان کے رب کے	(اس کے) راستے کی طرف	(جو) نہایت غالب	بہت تعریف والا ہے

اللّٰهِ	الَّذِيْ لَهٗ 7	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ 6	وَ
(یعنی) اللہ (کی طرف)	جس کے لیے ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے	اور

مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	وَيْلٌ	لِّلْكٰفِرِيْنَ
جو کچھ	زمین میں ہے	اور	ہلاکت ہے	کافروں کے لیے

مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۝2	الَّذِيْنَ	يَسْتَحِبُّوْنَ
سخت عذاب سے	وہ لوگ جو	وہ سب پسند کرتے ہیں

ضروری وضاحت

1 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ 2 اَنْزَلَ کے شروع میں ''اَ'' فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے لایا جاتا ہے۔ 3 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ 4 ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ 5 فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ 6 ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ 7 یہاں اَلَّذِيْ اور ہٗ دونوں کا ملا کر ترجمہ جس کیا گیا ہے۔

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ	دنیوی زندگی کو آخرت پر
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور روکتے ہیں اللہ کے راستے سے
وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ	اور تلاش کرتے ہیں اس میں کجی
اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝3	یہ لوگ دور کی گمراہی میں ہیں۔ ۝3
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ	اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول
اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ	مگر اس کی قوم کی زبان میں
لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ	تاکہ وہ (کھول کر) بیان کرے ان کے لیے
فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ	پھر گمراہ کرتا ہے اللہ جسے چاہتا ہے
وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	اور وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝4	اور وہی نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ۝4
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجا موسیٰ کو
بِاٰيٰتِنَآ	اپنی آیات (معجزات) کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْحَيٰوةَ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	اِلَّا	: الا ماشاء اللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	بِلِسَانِ	: لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔
الْاٰخِرَةِ	: فکرآخرت، اُخروی زندگی۔	لِيُبَيِّنَ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
سَبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	فَيُضِلُّ	: ضلالت وگمراہی۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَّشَآءُ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
ضَلٰلٍ	: ضلالت وگمراہی۔	يَهْدِيْ	ہدایت، ہادیٔ برحق۔
اَرْسَلْنَا	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	الْحَكِيْمُ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	بِاٰيٰتِنَآ	: آیت، آیات۔

اَلْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ❶	عَلَى الْاٰخِرَةِ ❶	وَ	يَصُدُّوْنَ
دنیوی زندگی کو	آخرت پر	اور	وہ سب روکتے ہیں

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ	يَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا
اللہ کے راستے سے	اور	وہ سب تلاش کرتے ہیں اس میں	کجی

اُولٰٓئِكَ ❷	فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝3	وَ	مَآ	اَرْسَلْنَا ❸
یہ لوگ	دور کی گمراہی میں ہیں	اور	نہیں	ہم نے بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ ❹❺	اِلَّا	بِلِسَانِ قَوْمِهٖ	لِيُبَيِّنَ ❻
کوئی رسول	مگر	اس کی قوم کی زبان میں	تاکہ وہ (کھول کر) بیان کرے

لَهُمْ	فَيُضِلُّ ❼	اللّٰهُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْ
ان کے لیے	پھر گمراہ کرتا ہے	اللہ	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ ہدایت دیتا ہے

مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	هُوَ الْعَزِيْزُ ❽	الْحَكِيْمُ ۝4
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہی نہایت غالب	بہت حکمت والا ہے

وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا ❸	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	موسیٰ کو	اپنی آیات (معجزات) کے ساتھ

ضروری وضاحت

❶ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کردیا جاتا ہے۔ ❸ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❼ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ	یہ کہ تو نکال اپنی قوم کو تاریکیوں سے
اِلَى النُّوْرِ وَذَكِّرْهُمْ	روشنی کی طرف اور یاد دلا انہیں
بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ	اللہ کے دنوں (احسانات یا پچھلی قوموں کی ہلاکتوں) کو
اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿5﴾	ہر انتہائی صابر و شاکر کے لیے۔ ﴿5﴾
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ	اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے
اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ	تم یاد کرو اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر
اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	جب اس نے نجات دی تمہیں آل فرعون سے
يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ	وہ پہنچاتے تھے تمہیں برا (سخت) عذاب
وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ	اور وہ ذبح کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو
وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ	اور زندہ چھوڑتے تھے تمہاری عورتوں (بیٹیوں) کو
وَفِىْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ	اور اس میں آزمائش تھی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَخْرِجْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
الظُّلُمٰتِ : ظلمت، بحر ظلمات، ظلمت شب۔
ذَكِّرْهُمْ : ذکر، اذکار، تذکیر۔
بِاَيّٰىمِ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
لَاٰيٰتٍ : آیت، آیات۔
صَبَّارٍ : صبر، صابر۔
شَكُوْرٍ : شکر، شاکر، شکر گزار، اظہار تشکر۔
اذْكُرُوْا : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔

اَنْجٰىكُمْ : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
اٰلِ : آل یاسر، آل محمد، آل واولاد۔
سُوْٓءَ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
يُذَبِّحُوْنَ : ذبح، ذبح خانہ، ذبیحہ، ذبیح اللہ۔
اَبْنَآءَكُمْ : ابن قاسم، متبنّٰی، ابن آدم۔
يَسْتَحْيُوْنَ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
نِسَآءَكُمْ : تربیت نسواں، نسوانیت۔
بَلَآءٌ : بلا، ابتلاء، مبتلا۔

اَنْ	اَخْرِجْ	قَوْمَكَ ❶	مِنَ الظُّلُمٰتِ ❷	اِلَى النُّوْرِ
یہ کہ	تو نکال	اپنی قوم کو	تاریکیوں سے	روشنی کی طرف

وَ	ذَكِّرْهُمْ ❸	بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ❹
اور	یاد دلا انہیں	اللہ کے دنوں (احسانات) کو	بیشک	اس میں

لَاٰيٰتٍ ❷	لِّكُلِّ	صَبَّارٍ ❺	شَكُوْرٍ ❺ (5)	وَ اِذْ	قَالَ
یقیناً نشانیاں ہیں	ہر (اس شخص) کے لیے	(جو) انتہائی صابر	بہت شکر کرنے والا ہو	اور جب	کہا

مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ ❻	عَلَيْكُمْ
موسیٰ نے	اپنی قوم سے	تم سب یاد کرو	اللہ کی نعمت کو	اپنے اوپر

اِذْ	اَنْجٰىكُمْ	مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ
جب	اس نے نجات دی تمہیں	آل فرعون سے	وہ سب پہنچاتے تھے تمہیں

سُوْٓءَ الْعَذَابِ	وَ	يُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ	وَ
بُرا (سخت) عذاب	اور	وہ سب ذبح کرتے تھے	تمہارے بیٹوں کو	اور

يَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَ	فِيْ ذٰلِكُمْ ❹❼	بَلَآءٌ
وہ سب زندہ چھوڑتے تھے	تمہاری عورتوں (بیٹیوں) کو	اور	اس میں	آزمائش تھی

ضروری وضاحت

❶ ك اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❹ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، یہاں ضرورتاً ترجمہ اس کیا گیا ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔

ع 1/6/13

مِّنۡ رَّبِّكُمۡ عَظِيۡمٌ ﴿6﴾	تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی۔ ﴿6﴾
وَاِذۡ تَاَذَّنَ رَبُّكُمۡ لَئِنۡ	اور جب آگاہ کر دیا تمہارے رب نے یقیناً اگر
شَكَرۡتُمۡ لَاَزِيۡدَنَّكُمۡ	تم شکر کرو گے (تو) بلا شبہ ضرور میں تمہیں زیادہ دونگا
وَلَئِنۡ كَفَرۡتُمۡ	اور بے شک اگر تم ناشکری کرو گے (تو)
اِنَّ عَذَابِىۡ لَشَدِيۡدٌ ﴿7﴾	بلا شبہ میرا عذاب یقیناً بہت ہی سخت ہے۔ ﴿7﴾
وَقَالَ مُوۡسٰٓى اِنۡ تَكۡفُرُوۡۤا اَنۡتُمۡ	اور موسیٰ نے کہا! اگر کفر کرو گے تم
وَمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا ۙ	اور (وہ لوگ) جو زمین میں ہیں سب کے سب
فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ حَمِيۡدٌ ﴿8﴾	تو بیشک اللہ یقیناً بے پروا، نہایت تعریف والا ہے۔ ﴿8﴾
اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَبَؤُا الَّذِيۡنَ	کیا نہیں آئی تمہارے پاس خبر ان لوگوں کی جو
مِنۡ قَبۡلِكُمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوۡدَ ۛ	تم سے پہلے تھے قوم نوح اور عاد اور ثمود کی
وَالَّذِيۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ۛ	اور ان لوگوں کی جو ان کے بعد تھے
لَا يَعۡلَمُهُمۡ اِلَّا اللّٰهُ ؕ	نہیں جانتا تھا انہیں (کوئی بھی) سوائے اللہ کے

نصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	جَمِيۡعًا	جمع، جامع، مجمع، جماعت۔
عَظِيۡمٌ	عظمت۔ معظم، تعظیم۔	لَغَنِىٌّ	غنی، مستغنی، استغناء۔
تَاَذَّنَ	اذان۔	حَمِيۡدٌ	حمد وثنا، حامد، محمود، حماد، حمید۔
شَكَرۡتُمۡ	شکر، شاکر، شکر گزار، اظہار تشکر۔	نَبَؤُا	نبی، انبیاء۔
لَاَزِيۡدَنَّكُمۡ	زیادہ، مزید، زائد۔	قَبۡلِكُمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
كَفَرۡتُمۡ، تَكۡفُرُوۡۤا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
لَشَدِيۡدٌ	شدید، شدت، مشدد، تشدد۔	يَعۡلَمُهُمۡ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
الۡاَرۡضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔

ع 1 6 13

مِّنۡ رَّبِّكُمۡ	عَظِيۡمٌ ❶ (6) ع	وَاِذۡ	تَاَذَّنَ ❷	رَبُّكُمۡ
تمہارے رب کی طرف سے	بہت بڑی	اور جب	آگاہ کردیا	تمہارے رب نے

لَئِنۡ	شَكَرۡتُمۡ	لَاَزِيۡدَنَّكُمۡ ❸	وَلَئِنۡ	كَفَرۡتُمۡ
یقیناً اگر	تم شکر کرو گے	(تو) بلاشبہ ضرور میں زیادہ دونگا تمہیں	اور یقیناً اگر	تم ناشکری کرو گے

اِنَّ	عَذَابِىۡ ❹	لَشَدِيۡدٌ (7)	وَقَالَ	مُوۡسٰى	اِنۡ
(تو) بلاشبہ	میرا عذاب	یقیناً بہت ہی سخت ہے	اور کہا	موسیٰ نے	اگر

تَكۡفُرُوۡۤا	اَنۡتُمۡ	وَ	مَنۡ	فِى الۡاَرۡضِ	جَمِيۡعًا
تم سب کفر کرو گے	تم	اور	(وہ لوگ) جو	زمین میں ہیں	سب کے سب

فَاِنَّ اللّٰهَ	لَغَنِىٌّ	حَمِيۡدٌ ❶ (8)	اَلَمۡ	يَاۡتِكُمۡ ❺	نَبَؤُا
تو بیشک اللہ	یقیناً بے پروا	نہایت تعریف والا ہے	کیا نہیں	آئی تمہارے پاس	خبر

م 9

الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِكُمۡ	قَوۡمِ نُوۡحٍ	وَّعَادٍ	وَّثَمُوۡدَ
ان لوگوں کی جو	تم سے پہلے (تھے)	قوم نوح	اور عاد	اور ثمود کی

وَ	الَّذِيۡنَ	مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ❻	لَا	يَعۡلَمُهُمۡ ❺❼	اِلَّا اللّٰهُ
اور	ان لوگوں کی جو	ان کے بعد (تھے)	نہیں	جانتا تھا انہیں (کوئی بھی)	سوائے اللہ کے

ضروری وضاحت

❶اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔❷علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔❸فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔❹ یِ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔❺یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❻یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❼هُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ	آئے ان کے پاس ان کے رسول
بِالۡبَيِّنٰتِ فَرَدُّوۡۤا	واضح دلائل کے ساتھ تو انہوں نے لوٹائے
اَيۡدِيَهُمۡ فِىۡۤ اَفۡوَاهِهِمۡ	اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں
وَقَالُوۡۤا اِنَّا كَفَرۡنَا	اور انہوں نے کہا بے شک ہم انکار کرتے ہیں
بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ	اس کا جو (کہ) بھیجے گئے ہو تم (جس کو) دے کر (بھی)
وَاِنَّا لَفِىۡ شَكٍّ	اور بے شک ہم یقیناً شک میں ہیں
مِّمَّا تَدۡعُوۡنَنَاۤ اِلَيۡهِ	اس سے جو کہ (کہ) تم بلاتے ہو ہمیں جس کی طرف
مُرِيۡبٍ ﴿9﴾	(ایسے شک میں جو) اضطراب میں ڈالنے والا ہے۔ ﴿9﴾
قَالَتۡ رُسُلُهُمۡ اَفِى اللّٰهِ شَكٌّ	کہا انکے رسولوں نے کیا اللہ کے بارے میں شک ہے
فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِؕ	(جو) پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کا
يَدۡعُوۡكُمۡ لِيَغۡفِرَ لَكُمۡ	وہ بلاتا ہے تمہیں تا کہ وہ بخش دے تمہارے لیے
مِّنۡ ذُنُوۡبِكُمۡ وَيُؤَخِّرَكُمۡ	تمہارے گناہوں کو اور وہ مہلت دے تمہیں

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رُسُلُهُمۡ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	اُرۡسِلۡتُمۡ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِالۡبَيِّنٰتِ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	مِّمَّا	منجانب / ماحول، ماتحت، ماجرا۔
فَرَدُّوۡۤا	رد، مردود، تردید، مرتد۔	تَدۡعُوۡنَنَاۤ، يَدۡعُوۡكُمۡ	دعا، دعوت، مدعو۔
اَيۡدِيَهُمۡ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسما، آفات سماوی۔
فِىۡۤ	فی الفور، فی الحال، اظہار مافی الضمیر۔	الۡاَرۡضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
اَفۡوَاهِهِمۡ	افواہ۔	لِيَغۡفِرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
قَالُوۡۤا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
كَفَرۡنَا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	يُؤَخِّرَكُمۡ	مؤخر، تاخیر، آخری۔

جَآءَتۡهُمۡ (1)	رُسُلُهُمۡ	بِالۡبَيِّنٰتِ (2)	فَرَدُّوۡۤا
آئے ان کے پاس	ان کے رسول	واضح دلائل کے ساتھ	تو انہوں نے لوٹائے

اَيۡدِيَهُمۡ	فِيۡۤ اَفۡوَاهِهِمۡ	وَ	قَالُوۡۤا	اِنَّا كَفَرۡنَا (3)
اپنے ہاتھ	اپنے مونہوں میں	اور	انہوں نے کہا	بے شک ہم انکار کرتے ہیں

بِمَاۤ	اُرۡسِلۡتُمۡ	بِهٖ	وَ	اِنَّا (4)	لَفِيۡ شَكٍّ
(اس) کا جو (کہ)	بھیجے گئے ہو تم	اسکے ساتھ	اور	بے شک ہم	یقیناً (ایسے) شک میں ہیں

مِّمَّا (5)	تَدۡعُوۡنَنَاۤ	اِلَيۡهِ	مُرِيۡبٍ ۝9
(اس) سے جو کہ	(کہ) تم سب بلاتے ہو ہمیں	اس کی طرف (جو)	اضطراب میں ڈالنے والا ہے

قَالَتۡ (1)	رُسُلُهُمۡ	اَ	فِي اللّٰهِ	شَكٌّ
کہا	ان کے رسولوں نے	کیا	اللہ (کے بارے) میں	شک ہے

فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ (2)	وَ	الۡاَرۡضِ	يَدۡعُوۡكُمۡ
(جو) پیدا کرنے والا ہے	آسمانوں	اور	زمین کا	وہ بلاتا ہے تمہیں

لِيَغۡفِرَ (6)	لَكُمۡ	مِّنۡ ذُنُوۡبِكُمۡ (7)	وَ	يُؤَخِّرَكُمۡ
تا کہ وہ بخش دے	تمہارے لیے	تمہارے گناہ	اور	وہ مہلت دے تمہیں

الثلثة

ضروری وضاحت

(1) تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (2) ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (3) اِنَّآ کے نَا اور كَفَرۡنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ (4) اِنَّآ دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے۔ (5) مِمَّا دراصل مِنۡ+مَا کا مجموعہ ہے۔ (6) فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ کیا جاتا ہے۔ (7) یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْٓا	ایک مقرر وقت تک، انہوں نے کہا:
اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ	نہیں ہو تم مگر ایک انسان ہمارے جیسے
تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا	تم چاہتے ہو کہ تم روک دو ہمیں
عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ	(اس) سے جس کی وہ عبادت کرتے تھے
اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا	ہمارے آباء و اجداد تو لے آ ہمارے پاس
بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿10﴾	کوئی واضح دلیل۔ ﴿10﴾
قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ	کہا ان سے ان کے رسولوں نے
اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ	نہیں ہیں ہم مگر ایک انسان تمہارے جیسے
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ	اور لیکن اللہ احسان کرتا ہے
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ	جس پر چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے
وَمَا كَانَ لَنَآ	اور نہیں ہے ہمارے لیے (ممکن)
اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ	کہ ہم لے آئیں تمہارے پاس کوئی دلیل (معجزہ)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰٓى	: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔	اٰبَآؤُنَا	: آبائی گاؤں، آباء و اجداد۔
اَجَلٍ	: اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	بِسُلْطٰنٍ	: سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔
مُّسَمًّى	: اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔	مُّبِيْنٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
اِلَّا	: الا ماشاء اللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	يَمُنُّ	: منت سماجت، ممنون۔
بَشَرٌ	: بشر، بشریت، بشری تقاضا۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِّثْلُنَا	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	يَّشَآءُ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
تُرِيْدُوْنَ	: ارادہ، مرید، مراد۔	وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، شام و سحر۔
يَعْبُدُ	: عبادت، عابد، معبود۔	عِبَادِهٖ	: عبادت، عابد، معبود۔

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ①	قَالُوْٓا	اِنْ ②	اَنْتُمْ	اِلَّا
ایک مقرر وقت تک	انہوں نے کہا	نہیں ہو	تم	مگر

بَشَرٌ ①	مِّثْلُنَا	تُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَصُدُّوْنَا ③
ایک انسان	ہمارے جیسے	تم سب چاہتے ہو	کہ	تم سب روک دو ہمیں

عَمَّا ④	كَانَ	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	فَأْتُوْنَا ③
(اس) سے جس کی	تھے	وہ عبادت کرتے	ہمارے آباء واجداد	تو تم سب لے آؤ ہمارے پاس

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ①⑤ (10)	قَالَتْ ⑥	لَهُمْ	رُسُلُهُمْ
کوئی واضح دلیل	کہا	ان سے	ان کے رسولوں نے

اِنْ ②	نَّحْنُ	اِلَّا	بَشَرٌ ①	مِّثْلُكُمْ	وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
نہیں ہیں	ہم	مگر	ایک انسان	تمہارے جیسے	اور لیکن اللہ

يَمُنُّ ⑦	عَلٰى مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ
احسان کرتا ہے	جس پر	وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے

وَمَا	كَانَ	لَنَآ	اَنْ	نَّاْتِيَكُمْ ⑧	بِسُلْطٰنٍ ①⑤
اور نہیں	ہے	ہمارے لیے (ممکن)	کہ	ہم لے آئیں تمہارے پاس	کوئی دلیل (معجزہ)

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ③ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اسکے آخر سے "ا" کو گرا دیتے ہیں۔ ④ عَمَّا دراصل عَنْ+مَا مجموعہ ہے۔ ⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ نَاْتِیْ کا ترجمہ ہم آئیں ہے اگر اس کے بعد بِ ہو تو ترجمہ ہم لے آئیں کیا جاتا ہے۔

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ	مگر اللہ کے حکم سے، اور اللہ پر ہی
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝11	پس چاہیے (کہ) بھروسا کریں ایمان والے۔ ۝11
وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ	اور کیا (جواز) ہے ہمارے لیے کہ ہم نہ بھروسا کریں
عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا	اللہ پر حالانکہ یقیناً اس نے دکھائیں ہمیں
سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ	ہماری (ہدایت کی) راہیں، اور بلاشبہ ضرور ہم صبر کریں گے
عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ	اس پر جو تم اذیت دیتے ہو ہمیں
وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ	اور اللہ پر ہی پھر چاہیے کہ بھروسا کریں
ع 2 6 14 الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝12 وَقَالَ	بھروسا کرنے والے۔ ۝12 اور کہا:
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ	ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا اپنے رسولوں سے
لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ	ضرور بالضرور ہم نکال دیں گے تمہیں اپنی زمین سے
اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ	یا ضرور بالضرور تم واپس آجاؤ گے ہمارے دین میں
فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ	تو وحی کی ان کی طرف ان کے رب نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
بِاِذْنِ	اذن عام، باذن اللہ۔
فَلْيَتَوَكَّلِ	توکل، متوکل علی اللہ۔
الْمُؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
هَدٰىنَا	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
سُبُلَنَا	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
لَنَصْبِرَنَّ	صبر، صابر۔
اٰذَيْتُمُوْنَا	اذیت، اذیتیں، ایذا رسانی، موذی۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
لِرُسُلِهِمْ	رسول، مرسل، رسالت، انبیاء ورسل۔
لَنُخْرِجَنَّكُمْ	خارج، خروج، اخراج، وزیرِ خارجہ۔
اَرْضِنَآ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارضِ مقدس۔
لَتَعُوْدُنَّ	عود کرنا، مسیح موعود، اعادہ۔
مِلَّتِنَا	ملتِ اسلامیہ، ملتِ کفر، ملی جذبہ۔
فَاَوْحٰٓى	وحی، وحی متلوّ، وحی غیر متلوّ۔

اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ ❶❷❸
مگر	اللہ کے حکم سے	اور	اللہ پر (ہی)	پس چاہیے کہ بھروسا کریں

الْمُؤْمِنُوْنَ ❹ (11)	وَمَا	لَنَآ	اَلَّا	نَتَوَكَّلَ ❸	عَلَى اللّٰهِ
سب ایمان والے	اور کیا (جواز) ہے	ہمارے لیے	کہ نہ	ہم بھروسا کریں	اللہ پر

وَقَدْ	هَدٰىنَا	سُبُلَنَا	وَ	لَنَصْبِرَنَّ ❺
حالانکہ یقیناً	اس نے دکھائیں ہمیں	ہماری (ہدایت کی) راہیں	اور	بلاشبہ ہم ضرور صبر کریں گے

عَلٰى مَآ	اٰذَيْتُمُوْنَا ❻	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ ❶❷❸
اس پر جو	تم اذیت دیتے ہو ہمیں	اور	اللہ پر (ہی)	پھر چاہیے کہ بھروسا کریں

ع 2 6 14

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ❸❹ (12)	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
سب بھروسا کرنے والے	اور	کہا	ان لوگوں نے جن	سب نے کفر کیا

لِرُسُلِهِمْ	لَنُخْرِجَنَّكُمْ ❺	مِّنْ اَرْضِنَآ	اَوْ
اپنے رسولوں سے	ضرور بالضرور ہم نکال دیں گے تمہیں	اپنی زمین سے	یا

